http://dailygawadarbusiness.com.pk

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ

ABC Certified

جلد 22 | منگل 04 اگست 2026ء | 20 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 30

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

افغانستان کی سرزمین سے پاکستان دشمن عناصر کو سرپرستی مل رہی ہے، میر سرفراز بگٹی

جشن آزادی قومی شان و شوکت سے منایا جائیگا

وزیراعلیٰ کی زیرصدارت جشن آزادی کی تقریبات کی تیاری کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے خصوصی شرکت کی

بلوچستان کو اس کے جغرافیائی حقائق کے تناظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے، ماضی میں بعض ڈویژنز اور اضلاع کا رقبہ اتنا وسیع تھا کہ موثر انتظامی نگرانی ممکن نہیں تھی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت جشن آزادی کی تقریبات کی تیاری کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں کور کمانڈر (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حالات (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

امن معاہدے کے باوجود اسرائیلی حملوں میں 18 فلسطینی شہید

متعدد زخمی ہوگئے شہید ہونے والوں میں 4 بچے اور 2 خواتین بھی شامل ہیں

غزہ (اے این این) اسرائیل کے فلسطین میں فضائی حملوں میں تیزی آ گئی، حملوں میں 18 فلسطینی شہید جبکہ متعدد زخمی ہوگئے۔ غزہ سول ڈیفنس کے مطابق (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کا عباس عراقچی سے ٹیلیفونک رابطہ، دورہ پاکستان کی دعوت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلیفون پر رابطہ (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

ملک سے دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک جدوجہد جاری رہے گی، شزہ فاطمہ

دہشت گردی کے خلاف پوری قوم متحد ہے، ملک سے اس ناسور کے مکمل خاتمے تک جدوجہد جاری رہے گی، بیان

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر شزہ فاطمہ خواجہ نے سوات کے علاقے کبل میں خودکش دھماکے کی شدید مذمت کی ہے۔ وفاقی وزیر نے دھماکے میں (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف نجکاری پروگرام کی پیشرفت سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی حکومت کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے، بلاول بھٹو زرداری

پیپلز پارٹی ہمت نہیں ہارتی

آزاد کشمیر کا صاف اور شفاف نہیں بلکہ دھاندلی زدہ الیکشن تھے، اس سب کے باوجود عوام نے پیپلز پارٹی کو 9 انتخابی نشستوں پر کامیاب کروایا ہے

میرپور اور مظفرآباد میں جو سیٹیں چوری کی گئیں وہ آپ کو واپس دلواؤں گا، پیپلز پارٹی ہمت نہیں ہارتی، ہم پیچھے نہیں ہٹتے اور نہ ہی میدان چھوڑتے ہیں

اسلام آباد/کراچی (نیوز ایجنسیاں+م ڈ) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ ن لیگ کے دوستوں کے لیے پیغام ہے کہ آپ کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے۔ بلاول بھٹو نے ویڈیو پیغام میں آزاد کشمیر کے ضلع باغ میں جلسے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ یہ صاف اور شفاف نہیں بلکہ دھاندلی زدہ الیکشن تھے، اس سب کے باوجود عوام نے پیپلز پارٹی کو 9 انتخابی نشستوں پر کامیاب کروایا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا میرپور اور مظفرآباد میں جو سیٹیں چوری (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

آج پاکستان نئی صبح کی دہلیز پر کھڑا ہے، احسن اقبال

ملک کی فکری بنیادیں شاعر مشرق علامہ محمد اقبال اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے افکار سے استوار ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کے نوجوان کا کردار شاہین ہے، پاکستان کی فکری بنیادیں شاعر مشرق، حکیم الامت علامہ محمد اقبال اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

انتخابات میں کامیابی آزاد کشمیر کے عوام کا مسلم لیگ ن کی پالیسیوں پر اعتماد کا ثبوت ہے، وزیراعظم

قائد مسلم لیگ (ن) کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) کی ٹیم نے آزاد جموں و کشمیر میں انتہائی کامیاب انتخابی مہم چلائی

آزاد جموں و کشمیر کی ترقی و خوشحالی اور وہاں کے عوام کی فلاح و بہبود مسلم لیگ (ن) کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے دوسرے مرحلے میں کامیابی پر مبارکباد دی ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے آزاد جموں و کشمیر انتخابات کے دوسرے مرحلے میں برتری پر (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

امریکہ کے ساتھ کسی قسم کے مذاکرات نہیں ہو رہے، ایران کی تردید

ایران نہ کسی امریکی وفد کی میزبانی کا ارادہ رکھتا ہے اور نہ ہی مذاکراتی وفد بھیجنے کا کوئی منصوبہ ہے

امریکہ کے ساتھ مذاکرات کیلئے کوئی نیا ثالث یا ثالثی کا نیا طریقہ کار بھی زیرغور نہیں؛ ترجمان وزارت خارجہ کی بریفنگ

تہران (این این آئی) ایران نے امریکہ کے ساتھ کسی بھی قسم کے حالیہ مذاکرات کی سختی سے تردید کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اس وقت تہران اور واشنگٹن کے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف سے محسن نقوی کی ملاقات

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ملاقات کی۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ ملاقات میں ملکی سیاسی اور (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

لاہور: فواد چوہدری، عمران اسماعیل اور وسیم اختر پریس کلب میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

چیف جسٹس پاکستان کراچی سپریم کورٹ رجسٹری میں مقدمات سنیں گے

کراچی (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کے کراچی پہنچنے پر سپریم کورٹ کراچی رجسٹری نے کاز لسٹ جاری کر دی۔ چیف جسٹس 2 روز تک سپریم کورٹ کراچی رجسٹری میں مختلف مقدمات کی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

ہم ووٹ کی طاقت پر یقین رکھتے ہیں اور ن لیگ کسی اور چیز پر، شرمیلا فاروقی

اس مینڈیٹ کے ساتھ آزاد کشمیر میں حکومت بنا بھی لیں تو آپ عوام کی خدمت نہیں کر پائیں

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شرمیلا فاروقی نے کہا ہے کہ ہم ووٹ کی طاقت پر یقین رکھتے ہیں اور ن لیگ کسی اور چیز پر یقین رکھتی ہے۔ ایک انٹرویو (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

سوات، کبل خودکش دھماکے میں جاں بحق افراد کی تعداد 17 ہوگئی، حملے کا مقدمہ درج

شہید 5 پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا، سلامی پیش کی گئی

سوات (نیوز ایجنسیاں) سوات میں تھانہ کبل کے قریب فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خودکش حملے میں جاں بحق افراد کی تعداد 17 ہوگئی، حملے میں 7 پولیس (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

یونان، جنگلات کی آگ بجھانے والے 2 ہیلی کاپٹر آپس میں ٹکرانے کا منظر

آزاد کشمیر انتخابات: ن لیگ نے میدان مار لیا، پیپلز پارٹی کی 5 نشستیں

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے میں مظفرآباد ڈویژن کے 8 حلقوں اور مہاجرین کی 12 نشستوں پر ووٹنگ ہوئی

آزاد کشمیر الیکشن کا دوسرا مرحلہ بھی مسلم لیگ ن کے نام رہا، 14 سیٹیں جیت لیں، غیر سرکاری غیر حتمی نتائج

مظفرآباد (این این آئی) آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی الیکشن کا دوسرا مرحلہ بھی مسلم لیگ (ن) کے نام رہا، 20 میں سے 19 کے غیر حتمی و غیر سرکاری نتائج کے مطابق مہاجرین کی 12 نشستوں میں سے مسلم لیگ (ن) نے پنجاب کی تمام 10 نشستوں پر کامیابی سمیٹی۔ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے میں مظفرآباد ڈویژن کے 8 حلقوں اور مہاجرین (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

کراچی: جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان خواتین ونگ کے اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

لوگوں کو مارنا نہیں چاہتا، معاہدہ کرنا ترجیح ہے، ٹرمپ

ایران پر بڑے حملے کا منصوبہ قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کی درخواست پر منسوخ کیا، امریکی صدر کا ایران سے آج مذاکرات شروع کرنے کا اعلان

موجودہ صورتحال میں مذاکرات جاری ہیں، خطے کے ممالک نے کشیدگی میں اضافے سے گریز کی اپیل کی، جس کے بعد حملہ روکنے کا فیصلہ کیا گیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ ایران کے ساتھ باقاعدہ مذاکراتی فریم ورک کے تحت بات چیت جاری ہے (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

شہباز شریف استعفیٰ دے کر بڑی اصلاحات کیلئے راستہ ہموار کریں، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ملک میں نئے انتظامی یونٹس کا قیام اس لئے بھی اہم ہے تاکہ سیاسی طاقت دو تین خاندانوں سے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

دہشت گردی قوم کے امن، استحکام اور اتحاد کو متزلزل نہیں کر سکتیں، بلاول

چیئرمین پی پی کی سوات کے علاقے کبل میں پولیس اسٹیشن کے قریب ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید مذمت

پیپلز پارٹی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک افواج، پولیس اور تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سوات کے علاقے کبل میں پولیس اسٹیشن کے قریب ہونے والے خودکش دھماکے کی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

حکومت کی معاشی اصلاحات کے نتائج آنا شروع ہو گئے، مشیر خزانہ

2025-26 کے دوران نجی شعبے کو فراہم کئے گئے قرضوں میں 15 فیصد اضافہ ہوا، خرم شہزاد

تجارت اور زرعی شعبے کو بھی مالی معاونت فراہم کی گئی، جس سے کاروباری سرگرمیوں اور مجموعی معاشی عمل میں بہتری آئی

کراچی (این این آئی) ملکی معیشت میں بہتری کے آثار نمایاں ہونے لگے ہیں، جہاں مالی سال 2025-26 کے دوران نجی سرمایہ کاری، کاروباری (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی: شدید بارش کے بعد سڑکیں تالاب کا منظر پیش کر رہی ہیں

پاکستان کا نظام انا کا نہیں، قومی مفاہمت اصلاحات کے دور میں داخل ہو چکا ہے، احسن اقبال

پاکستان کی فکری بنیادیں شاعر مشرق علامہ محمد اقبال اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے افکار سے استوار ہیں، پاکستان کے نوجوان کا کردار شاہین ہیں

دنیا جس تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے، پاکستان بھی اسی رفتار سے اپنے اداروں، نظام حکمرانی اور قومی ترجیحات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر رہا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے 150 ویں یوم پیدائش کی مناسبت سے امید، عزم، بیداری اور قومی ترقی کی نوید لے کر طلوع ہو رہی (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

ایران اور عراق کے وزرائے خارجہ کا خطے کی صورتحال پر ٹیلیفونک رابطہ

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی اور عراق کے وزیر خارجہ فاد حسین کے درمیان ٹیلیفون پر رابطہ ہوا، جس میں خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تبادلہ (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

سرکاری اداروں کی نجکاری، تمام مراحل مقررہ مدت میں مکمل کئے جائیں، وزیراعظم

شہباز شریف کی زیرصدارت سرکاری اداروں کی نجکاری کے عمل میں پیشرفت کا جائزہ اجلاس

متعلقہ وزارتوں اور اداروں کو باہمی رابطے سے کام کرنیکی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نجکاری پروگرام کے تمام مراحل مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نجکاری کے مختلف (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

محسن نقوی طاقتور ترین وزیر، کئی معاملات میں وزیراعظم کو بھی جوابدہ نہیں، خواجہ آصف

محسن نقوی پارلیمنٹ بھی صرف سات یا آٹھ بار آئے ہوں گے، اب اگر محسن نقوی شکایت کر رہے ہیں تو پھر ہمیں گھر چلے جانا چاہیے

محسن نقوی وزیر داخلہ ہوتے ہوئے بھی سسٹم کا حصہ نہیں، کابینہ اجلاس میں صرف دو تین بار دیکھا، ہمیں گھر چلے جانا چاہیے، انٹرویو

کراچی (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ محسن نقوی اس حکومت کے طاقتور ترین وزیر ہیں جو کئی معاملات میں وزیراعظم کو بھی جوابدہ نہیں ہیں۔ نجی ٹی وی پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر خواجہ آصف نے کہا کہ محسن نقوی وزیر داخلہ ہوتے ہوئے بھی سسٹم کا حصہ نہیں ہیں، کابینہ اجلاس میں صرف دو تین بار دیکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محسن نقوی پارلیمنٹ (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

روس کے علاقے سمارا کے میں وائلڈ بیریز کے گودام پر یوکرینی ڈرون حملے کے بعد دھواں اٹھ رہا ہے

کراچی: چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی و دیگر ججز کے ہمراہ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کا گروپ فوٹو

جولائی میں مہنگائی میں ماہانہ بنیاد پر 1.2 فیصد، سالانہ 5.1 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا

جولائی میں اشیائے خورونوش کے دام آسمان پر، ٹماٹر، آٹا، چکن اور انڈے مہنگے ہو گئے

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں جولائی کے مہینے مہنگائی میں ماہانہ بنیاد پر 1.2 فیصد جبکہ سالانہ بنیادوں پر 5.1 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ ٹماٹر کی قیمت (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

سپریم کورٹ، پاکستانی خاتون سے شادی کرنے والے افغان شہری کی ضمانت منظور

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے پاکستانی خاتون سے شادی کرنے والے افغان شہری کی ضمانت (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

پاسداران انقلاب کا آبنائے ہرمز میں امریکی ڈرون مار گرانے کا دعویٰ

تہران (این این آئی) ایران کی پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے آبنائے ہرمز کے اوپر پرواز کرنے والے (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

نان و نفقہ کا تعین والد کی مالی استطاعت کے مطابق ہوگا، سپریم کورٹ

جسٹس عرفان سعادت اور جسٹس عقیل عباسی نے شاہین نواز کی اپیل درخواست مسترد کر دی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ نابالغ بچے کے نان و نفقے کا تعین کرتے وقت بچے کی معقول ضروریات، والد کی مالی استطاعت، آمدنی اور سماجی (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

مخالفین کو آزاد کشمیر میں ہماری کامیابی ہضم نہیں ہو رہی ہے، عطا تارڑ

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے دوسرے مرحلے میں بھی مسلم لیگ (ن) نے واضح برتری حاصل کی ہے پارٹی کو سادہ اکثریت مل چکی ہے

اپوزیشن پر زور دیا کہ انتخابی نتائج کو خوش دلی سے قبول کرے اور آگے بڑھنے کی سیاست اپنائے، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ مخالفین کو آزاد کشمیر میں ہماری کامیابی ہضم نہیں ہو رہی ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے دوسرے مرحلے میں (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

پشاور: سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر علی احمد کرد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ایران پر دوسری جنگ عظیم جیسی شدت کے حملوں کیلئے تیار ہیں، امریکی وزیر دفاع

امریکی فوج ہر ممکن کارروائی کیلئے مکمل طور پر تیار ہے، پینٹاگون کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ہر وقت تیار ہے اور امریکی افواج کو مکمل جنگی تیاری کی حالت میں رکھا گیا ہے

امریکا ایران کے خلاف ایسے بڑے فوجی حملے کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے جن کی شدت دوسری جنگ عظیم کے بعد کم ہی دیکھی گئی ہو

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے کہا ہے کہ امریکا ایران کے خلاف ایسے بڑے فوجی حملے کرنے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے جن کی شدت دوسری جنگ عظیم کے بعد کم ہی دیکھی گئی ہو۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق پیٹ ہیگسیتھ نے سوشل میڈیا پلیٹ (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

دہشتگرد انسانیت کے دشمن ہیں، حنیف عباسی کی سوات دھماکے کی شدید مذمت

دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی اداروں کی کوششیں قابل تحسین ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے سوات کے علاقے کبل میں خودکش دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد کا اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

خیبر پختونخوا: سکیورٹی فورسز کی کارروائی، متعدد خوارج جہنم واصل، اسلحہ برآمد

راولپنڈی (اے این این) خیبر پختونخوا میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں متعدد خوارج مارے گئے، جن کے قبضے سے اسلحہ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

پاکستان ایران تعلقات دماوند اور کے ٹو جیسے بلند ہیں: ایرانی سفیر رضا امیری مقدم

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میں ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت کی الٹی گنتی کا وقت شروع ہوا چاہتا ہے، شرجیل میمن

پنجاب اور وفاق میں فارم 47 کی حکومتیں ہیں، یہ خیراتی مینڈیٹ پر آئے ہیں، ادھر شہادتیں ہو رہی ہیں

کشمیر میں گزشتہ روز انتخابات کے نام پر مذاق کیا گیا، حلقہ ایل اے 27 میں بارش کا جواز بنا کر پولنگ ملتوی کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما شرجیل انعام میمن نے آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ایران کے درمیان مشترکہ تجارتی کمیٹی کا اجلاس آج ہوگا

اجلاس میں پاک ایران آزاد تجارتی معاہدے پر پیش رفت اور دوطرفہ تجارت کے فروغ پر غور ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ایران کے درمیان دسویں مشترکہ تجارتی کمیٹی کا اجلاس آج (منگل کو) اسلام آباد میں ہوگا، وزیر تجارت جام کمال اور ایرانی (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

مراد علی شاہ سے کنٹری ڈائریکٹر ورلڈ بینک کی قیادت میں وفد کی ملاقات

بچوں میں غذائی قلت اور نشوونما کی کمی کے خاتمے، صاف پانی و دیگر شعبوں کیلئے جامع حکمت عملی پر اتفاق

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ بچوں میں نشوونما کی کمی سندھ سمیت ملک کے لئے انسانی ترقی کا ایک بڑا چیلنج ہے، جس پر قابو پانے کے لئے بکھرے اقدامات کی بجائے مربوط حکومتی حکمت عملی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ غذائی قلت، (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

روس اور یوکرین میں ڈرون و میزائل حملوں کا تبادلہ، 14 افراد ہلاک

کیف (این این آئی) یوکرین اور روس کے درمیان تازہ حملوں کے تبادلے میں کم از کم 14 افراد ہلاک ہوگئے، جن میں (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد میں 26 ہزار سے زائد بچے اسکول سے باہر ہیں، قائمہ کمیٹی تعلیم میں انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے تعلیم کے (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

اسرائیل نے بربریت کی انتہا کر دی؛ جنوبی لبنان میں ممنوعہ فاسفورس بم برسا دیئے

وائٹ فاسفورس کے گولے گرنے سے زیتون کے باغ اور صنوبر کے جنگلات میں آگ لگ گئی

بیروت (اے این این) اسرائیل نے جنوبی لبنان میں سفید فاسفورس بم برسا دیئے قابض اسرائیلی فوج نے حزب اللہ کے خلاف ملٹری آپریشن کے نام پر لبنان کے جنوبی علاقوں میں بنیادی انسانی حقوق اور عالمی قوانین کی دھجیاں بکھیرتے ہوئے ظلم و بربریت کی (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

حیدرآباد: بارش کے بعد روڈ پر جمع پانی میں پھنسنے والے رکشے کو ایک شخص دھکا دے رہا ہے

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس

پاک چین دوستی

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی دوستی آزمودہ اور وقت کی ہر کسوٹی پر ہمیشہ پوری اتری ہے، پاک چین دوستی بدلتے علاقائی اور عالمی چیلنجز کے باوجود ہمیشہ مضبوط رہی ہے۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق چین کی پیپلز لبریشن آرمی کے قیام کی 99ویں سالگرہ کی جی ایچ کیو راولپنڈی میں تقریب منعقد کی گئی جس میں پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق تقریب میں چین کے دفاعی اتاشی میجر جنرل وانگ ژونگ، چینی سفارت خانے کے حکام اور پاکستان کی تینوں مسلح افواج کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔ چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اس موقع پر معزز مہمانوں کا خیر مقدم کیا اور پیپلز لبریشن آرمی کو 99ویں یوم تاسیس پر مبارک باد پیش کی۔ فیلڈ مارشل نے چین کے دفاع، قومی ترقی اور عالمی امن و سلامتی کے لیے پی ایل اے کی نمایاں خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک چین دوستی بدلتے علاقائی اور عالمی چیلنجز کے باوجود ہمیشہ مضبوط رہی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے تقریب کے انعقاد پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے اظہار تشکر کیا۔ چینی سفیر نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج کی خدمات اور قربانیوں کو سراہا اور پاکستان کی غیر متزلزل حمایت اور دو طرفہ اسٹریٹیجک تعاون پر مبنی شراکت داری مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

ادبا شعرا معاشرے کا حساس طبقہ ہیں: بلوچستان ریفارمز لٹریری سوسائٹی کا قیام احسن اقدام ہے: ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران سید ابوالحسن میری

ادبا شعرا کا تہذیب ثقافت اور زبانوں کے فروغ کیلئے جاندار کردار قابل ستائش ہے: ڈاکٹر فرحت حسین، پروفیسر رشید حسرت، شاہ محمد شامی

ادب فکر کو بیدار کرنے کا خوبصورت وسیلہ ہے: ڈاکٹر صفیہ مینگل، فائزہ سکندر، جہاں آرا تبسم

ادب انسانی جذبات کا ترجمان اور معاشرے کا آئینہ ہوتا ہے: نرگس ندیم، عجب سائل، شیخ فرید

کوئٹہ (بلوچستان ریفارمز) ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران کوئٹہ وکلچرل اتاشی سید ابوالحسن میری نے کہا ہے کہ ادبا وشعرا معاشرے کا حساس طبقہ ہیں جو اپنے قلم سے نہ صرف مسائل کو اجاگر کرتے ہیں بلکہ تہذیب ثقافت اور زبانوں کے فروغ کیلئے ان جاندار کردار قابل ستائش ہے۔

ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز بلوچستان ریفارمز لٹریری سوسائٹی کی تقریب حلف برداری سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔

اس موقع پر بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کی وائس چیئر پرسن ڈاکٹر صفیہ مینگل، بلوچستان ریفارمز لٹریری سوسائٹی کہ پیٹرن انچیف ڈاکٹر فرحت حسین، وائس پیٹرن انچیف جہاں آرا تبسم، وائس چیئر پرسن فائزہ سکندر، سربراہ ایگزیکٹو باڈی پروفیسر رشید حسرت، صدر شاہ محمد شامی، سینئر نائب صدر عجب خان سائل، نائب صدر فاریہ بتول، چیف آرگنائزر شیخ فرید، چیف آرگنائزر دوم ظفر اقبال، چیف کوآرڈینیٹر ملیحہ حسین، سیکرٹری فنانس پلوشہ حنیف خلجی، آرگنائزر نرگس ندیم سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

قبل ازیں نو منتخب کابینہ نے حلف لیا اور اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران کوئٹہ نے نو منتخب عہدیداروں میں نوٹیفکیشن بھی تقسیم کیے مقررین نے کہا کہ ادب انسانی جذبات کا ترجمان اور معاشرے کا آئینہ ہوتا ہے جو زندگی کی کھردری حقیقتوں کو بھی حسن اور قرینے سے بیان کرتا ہے قلم کی طاقت اسطرح تلوار سے بڑھ کر ہے کہ تلوار جسموں کو تسخیر کرتی ہے جبکہ قلم دلوں پر حکمرانی کرتی ہے۔

☆☆☆

کوئٹہ، ڈائریکٹر خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران ابوالحسن میری بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کی ادبی سوسائٹی کے ممبران ڈاکٹر فرحت حسین، شیخ فرید اللہ، فائزہ سکندر، ملیحہ، پلوشہ خلجی، جہاں آرا تبسم، فاریہ بتول اور دیگر کو نوٹیفکیشن دے رہے ہیں

ممبر قومی اسمبلی عادل خان بازئی، کرن بلوچ، چیف انجینئر اسحاق مینگل، ڈاکٹر فرحت حسین، ڈاکٹر صفیہ، فائزہ سکندر اور دیگر بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام سٹار آف بلوچستان ریفارمز کے اراکین کو ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

انسانیت کی خدمت سے بڑھ کر کوئی عبادت نہیں' ملک عادل خان بازئی

خواتین کو بااختیار بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے: کرن بلوچ

ہمارے لوگوں نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی منوایا ہے: اسحاق مینگل، ڈاکٹر فرحت حسین، اکبر ساسولی

خواتین کو نظر انداز کر کہ معاشرہ ترقی نہیں کر سکتا: ڈاکٹر صفیہ مینگل، فاطمہ خان، فائزہ سکندر

بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ ہمارے لوگوں کو مواقع فراہم کیے جائیں: ملک عاصم اعوان، شاہ محمد شامی، عجب سائل

کوئٹہ (بلوچستان ریفارمز) انسانیت کی خدمت سے بڑھ کر کوئی عبادت نہیں، رضا کارانہ طور پر سماجی خدمات سرانجام دینے والے معاشرے کا قیمتی اثاثہ ہیں، خواتین کو بااختیار بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ان خیالات کا اظہار رکن قومی اسمبلی ملک عادل خان بازئی، چیئر پرسن آن اسٹیٹس آف وومن کرن بلوچ، بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے وائس چیئر مین حاجی اسحاق مینگل، پیٹرن انچیف فائزہ سکندر، وائس چیئر پرسن ڈاکٹر صفیہ مینگل، سنیئر نائب صدر ڈاکٹر فرحت حسین و دیگر نے بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام منعقدہ "اسٹارز آف بلوچستان ایکسی لینس ایوارڈ" کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا مقررین نے کہا کہ خواتین کو نظر انداز کر کے کوئی بھی معاشرہ ترقی کی منازل طے نہیں کرسکتا، خواتین ملک وقوم کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں اور انہیں تعلیم، روزگار اور فیصلہ سازی کے مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے انہوں نیکہا کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ ہمارے لوگوں کو مواقع فراہم کیے جائیں مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہمارے حوصلہ مند لوگوں نے اپنی صلاحیتوں کا لوہا نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی منوایا ہے تقریب کے اختتام پر مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی شخصیات میں "اسٹارز آف بلوچستان ایکسی لینس ایوارڈز" تقسیم کیے گئے جن میں اسحاق مینگل، ڈاکٹر فرحت حسین، ملک عاصم اعوان، شاہ محمد شامی، اکبر ساسولی، عجب سائل، ظفر اقبال، عائشہ حبیب، فاطمہ خان، محمد احمد، فائزہ سکندر، فاریہ بتول، فاریہ فاروق، نورین درانی، شہزادی فوزیہ کاسی، رشیدہ سمالانی، جہاں آرا تبسم، فردوس، انعم جاوید، سمیرا راجپوت، فرزانہ شاہین، کرن تاراچند، شاکرہ علی، ارم اسماعیل، ڈاکٹر ہما ظفر، پلوشہ حنیف خلجی، درین زینب، ملیحہ حسین، سادیہ عاطف، صورت بائیان، روبینہ سلیم، بشریٰ میروانی، ناہید کریم، زارا خان، ڈاکٹر آمنہ سومرو ودیگر شامل تھی۔

اسحاق مینگل، ڈاکٹر فرحت حسین، ملک عاصم اعوان، شاہ محمد شامی، اکبر ساسولی، عجب سائل، ظفر اقبال، عائشہ حبیب، فاطمہ خان، محمد احمد، فائزہ سکندر، فاریہ بتول، فاریہ فاروق، نورین درانی، شہزادی فوزیہ کاسی، رشیدہ سمالانی، جہاں آرا تبسم، فردوس، انعم جاوید، سمیرا راجپوت، فرزانہ شاہین، کرن تاراچند، شاکرہ علی، ارم اسماعیل، ڈاکٹر ہما ظفر، پلوشہ حنیف خلجی، درین زینب، ملیحہ حسین، سادیہ عاطف، صورت بائیان، روبینہ سلیم، بشریٰ میروانی، ناہید کریم، زارا خان، ڈاکٹر آمنہ سومرو ودیگر میں اسٹارز آف بلوچستان ایکسی لینس ایوارڈز تقسیم کئے گئے



بلوچستان رائیٹرز فورم کے زیرِ اہتمام تقریبِ حلف برداری اور مشاعرہ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان رائیٹرز فورم کے زیرِ اہتمام پائٹ کالج سریاب روڈ کوئٹہ میں ایک پروقار تقریبِ حلف برداری اور مشاعرہ منعقد ہوا، جس میں بلوچستان بھر سے شعراء، ادباء، دانشوروں، مختلف ادبی تنظیموں کے نمائندوں اور ادب دوست شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کا آغاز حسن ندیم کی تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا، جبکہ ناصر ندیم اور حیدر عاطش نے بارگاہِ رسالت مآب میں نعتِ رسولِ مقبول ﷺ پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ تقریب کی نظامت یوسفی بلوچ نے نہایت خوبصورتی سے انجام دی، جبکہ پروگرام کی میڈیا کوریج کے فرائض شاہد منیر نے سرانجام دیے۔ تقریب میں بلوچستان رائیٹرز فورم کی نومنتخب کابینہ سے ممتاز براہوئی، اردو اور پشتو شاعر و استاد عجب خان سائل نے حلف لیا۔ حلف اٹھانے والوں میں سرپرستِ اعلیٰ صابر ندیم، چیئرمین پروفیسر محمد انور زیب، وائس چیئرمین حیدر عاطش، جنرل سیکرٹری سائر عزیز، فنانس سیکرٹری سلام صائم، آفس سیکرٹری عمر گل جبکہ مجلسِ عاملہ کے اراکین شاکر ندیم اور رازق نسیم شامل تھے۔ تقریب کی صدارت چیئرمین بلوچستان رائیٹرز فورم پروفیسر محمد انور زیب نے کی، جبکہ مہمانانِ خصوصی میں میر حاجی یعقوب لانگو، ڈاکٹر عبدالقیوم بیدار، استاد رشید حسرت، شہزاد غنی، شہزادہ قاسم اسیر، رشید ساگر اور ابرار برکت سمیت متعدد ادبی و سماجی شخصیات شریک ہوئیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مرکزی رہنما نیشنل پارٹی میر حاجی یعقوب لانگو نے کہا کہ براہوئی اور بلوچی ہماری مادری زبانیں ہیں، جن کی حفاظت اور ترویج ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اگر ہم اپنی زبانوں کی خدمت نہ کریں تو یہ بھی معدوم ہوتی زبانوں کی صف میں شامل ہو سکتی ہیں۔ چیئرمین بلوچستان رائیٹرز فورم پروفیسر محمد انور زیب نے کہا کہ فورم کا بنیادی مقصد براہوئی سمیت تمام مقامی زبانوں اور ادب کی بلاامتیاز خدمت، ادیبوں کے حقوق کا تحفظ اور نوجوان قلمکاروں کی حوصلہ افزائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان رائیٹرز فورم اہلِ قلم کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر مؤثر کردار ادا کرے گا۔ ڈاکٹر عبدالقیوم بیدار، ڈائریکٹر اکادمی ادبیات پاکستان (کوئٹہ)، نے بلوچستان رائیٹرز فورم کی ادبی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ اکادمی ادبیات پاکستان کے دروازے فورم اور اس کے ادبی پروگراموں کے لیے ہمیشہ کھلے رہیں گے۔ معروف شاعر استاد رشید حسرت نے بلوچستان رائیٹرز فورم کی قیادت کو کامیاب اور باوقار تقریب کے انعقاد پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایسی ادبی سرگرمیاں معاشرے میں علم، ادب اور زبان کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ابرار برکت نے بھی فورم کی نومنتخب قیادت کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ بلوچستان رائیٹرز فورم صوبے میں ادبی سرگرمیوں کے فروغ اور اہلِ قلم کے اتحاد کے لیے مؤثر پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔ تقریب کے دوسرے حصے میں ایک بھرپور مشاعرہ منعقد ہوا، جس میں بلوچستان کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے شعراء نے براہوئی، اردو اور بلوچی زبانوں میں اپنا منتخب کلام پیش کیا۔ شعراء کی تخلیقات کو حاضرین نے بھرپور داد دی اور محفل دیر تک علم وادب کے رنگوں سے سجی رہی۔ تقریب میں اکادمی ادبیات پاکستان، براہوئی ادبی سوسائٹی، براہوئی اکیڈمی، راسکوہ ادبی دیوان، سخاوت ادبی کاروان، سیوت ادبی دیوان، شاشان انجمنِ شعراء بلوچستان، شون ادبی دیوان، چراغ ادبی مجلس، گدان ادبی مجلس، انجمنِ عابد شال، شال ادبی دیوان، براہوئی قومی موومنٹ (ادبی ونگ)، جوہر ادبی تنظیم پاکستان، سنگت ادبی کاروان، پڑو ادبی کچاری، بلوچستان ریڈر فاؤنڈیشن، بلوچی ادبی دیوان سمیت مختلف ادبی تنظیموں کے نمائندوں اور آزاد شعراء نے شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کی زبانوں، ثقافت اور ادب کے فروغ، نوجوان نسل میں مطالعے کے رجحان کے استحکام اور اہلِ قلم کے درمیان باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے بلوچستان رائیٹرز فورم اپنی ادبی سرگرمیاں مزید وسعت کے ساتھ جاری رکھے گا۔

> تقریب میں بلوچستان رائیٹرز فورم کی نومنتخب کابینہ سے ممتاز براہوئی، اردو اور پشتو شاعر و استاد عجب خان سائل نے حلف لیا

اردو ادب کے سنگ میل: خدیجہ، ہاجرہ اور خالد احمد

انجمن ترقی پسند مصنفین کے روحِ رواں جاوید آفتاب کا جب بھی فون آتا ہے وہ مجھے خاص طور پر اس دنیائے فانی سے رخصت ہوئے ادیبوں، شاعروں کی برسی یا ان کی سالگرہ کے دن خصوصی طور پر مدعو کرتے ہیں۔ جاوید آفتاب کا اوڑھنا بچھونا ادب ہے اور ادب کے نامور لکھاریوں کو یاد کرنا اور خصوصی نشست کا اہتمام کرنا وہ اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ان کے قریبی دوست کامریڈ بھی اس کاوش میں برابر کے شریک ہوتے ہیں۔ آج ان کا فون آیا تو انہوں نے نامور ادیبہ، ناول نگار، افسانہ نگار، ترقی پسند خدیجہ مستور کی سالگرہ کی نشست پر مدعو کیا۔ وہ 11 دسمبر 1927ء کو بریلی بھارت میں پیدا ہوئیں ان کے والد ڈاکٹر تہور احمد خان برطانوی فوج میں ڈاکٹر تھے۔ خدیجہ مستور کا نام آتے ہی ان کے ادبی گھرانے کا ہر شخص یاد آنے لگتا ہے۔ ان کی دو بہنیں عائشہ جمال اور چھوٹی حاجرہ مستور کو کون بھول سکتا ہے وہ بھی ان کی طرح معروف ادیب اور افسانہ نگار تھیں ان کے چھوٹے بھائی توصیف اور سب سے چھوٹے بھائی خالد احمد تھے۔ خالد احمد ممتاز شاعر، ادیب، ڈرامہ نگار، افسانہ نگار، سکرپٹ رائٹر گزرے ہیں۔ خدیجہ مستور اور ہاجرہ مسرور کی بڑی بہن عائشہ جمال بھی افسانہ نگار تھیں اور ان کے افسانوں کا مجموعہ "گردِ سفر" کے نام سے شائع ہوا اگرچہ خدیجہ مستور اور ہاجرہ مسرور اپنی بڑی بہن سے بہت آگے نکل گئی تھیں ان کی اپنی انفرادیت اور شناخت تھی۔ ہاجرہ مسرور 17 جنوری 1930ء کو غیر منقسم

تحریر۔ڈاکٹر فوزیہ تبسم

ہندوستان ریاست یوپی اور شہر لکھنو میں پیدا ہوئیں لکھنوء ایک ایسا شہر تھا جو یوپی کی تہذیب وتمدن سے آراستہ وپیراستہ تھا۔ ان کے گھر کی فضا علمی و ادبی تھی ان کی والدہ انور جہاں بیگم تقسیم ہند سے قبل نکلنے والے جریدوں میں مضمون لکھا کرتی تھیں جن میں نمایاں ترقی جریدہ "عصمت" تھا۔ ان کے والد کیونکہ سرکاری ملازم تھے اور ملازمتی تبادلوں کے باعث یوپی کے چھوٹے چھوٹے اضلاع میں تعیناتی ہوتی رہتی یوں ان جگہوں پر سرکاری افسر ہونے کے ناتے بے حد پذیرائی ہوتی وہ بہت شریف اور خوددار تھے لوگ ان کو بہت عزت وقدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ ان کے والد اچھی اور عمدہ کتابوں کے رسیا تھے گھر میں کتابیں اور رسالے کثرت سے موجود تھے۔ یوں گھر کی فضا میں بچوں کی چہکار اور علم وادب کی پکار ہر لمحے سنائی دیتی یہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کہ ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات۔ خدیجہ مستور اور ہاجرہ مسرور کی طبیعتوں میں بہت فرق تھا۔ بچپن میں خدیجہ کو وہ سارے شوق تھے جو لڑکوں کے ہوتے ہیں مثلاً لڑنا، جھگڑنا، دنگا فساد کرنا، درختوں پر چڑھنا، بھینس کے ساتھ تیرنا، گلی ڈنڈا کھیلنا اور بھی نجانے کتنے شوق خدیجہ کی رشتہ دار انہیں کہتیں کہ ولیوں کے گھر بھوت پیدا ہوگیا ہے۔ خدیجہ کو کسی کی باتوں کی پرواہ نہ ہوتی زبان ایسے فراٹے سے چلتی کہ ہم عمر دوست انہیں قینچی کہہ کر چھیڑا کرتے تھے اس پر وہ بہت رویا کرتی تھیں۔ ابتدائی تعلیم بہنوں کو قرآن پاک، فارسی اور اردو نصاب پڑھانے مختلف اوقات میں گھر اساتذہ آتے پھر ایک وقت آیا کہ خدیجہ قرآن پڑھنے کے بعد بچوں کو خود قرآن پڑھایا کرتیں۔ ان کے والد محترم چاہتے تھے کہ بچیوں کو تعلیم سے آراستہ کیا جائے اور ساتھ میں گھر گھرہستی سکھائی جائے۔ اسی وجہ سے ماں باپ، بچوں کی تربیت پر بے حد دھیان دیتے، اچھا کھلانا اور اچھا پہنانا گویا ان کے گھر کا شعار تھا۔ خدیجہ مستور نے بچپن میں اپنے والدین کی زبان سے لفظ "پلاٹ" سن رکھا تھا اور اس کے معنی جاننے کے بعد سارے گھر میں اتراتی پھرتی اور کہتیں میرے ذہن میں کہانیوں کے بہت سے "پلاٹ" ہیں۔ گھر والے ہنستے تاہم والدین ان کے شوق کو بہت اہمیت دیتے اور کہتے کہانیاں کہتی (جاری)

رکن قومی اسمبلی عادل خان بازئی، کرن بلوچ، چیف انجینئر اسحاق مینگل کا بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک سٹار آف بلوچستان ایوارڈ حاصل کرنے والوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

کوئٹہ، ڈائریکٹر خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران ابوالحسن میری بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کی ادبی سوسائٹی کے ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو

بقیہ 1

بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں صوبے بھر میں یوم آزادی کی تقریبات قومی جذبے، نظم وضبط اور بھرپور جوش وخروش کے ساتھ منانے کے لیے جامع حکمت عملی اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان کے تمام ڈویژنل اور ضلعی ہیڈکوارٹرز میں جشن آزادی کی تقریبات شایانِ شان انداز میں منعقد کی جائیں گی، جن میں قومی پرچم کشائی، ملی نغموں، ثقافتی، تعلیمی اور عوامی پروگراموں سمیت مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ عوام خصوصاً نوجوان نسل میں حب الوطنی اور قومی یکجہتی کے جذبے کو مزید فروغ دیا جاسکے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے تمام کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ جشن آزادی کی تقریبات کو منظم، باوقار اور یادگار بنانے کے لیے تمام انتظامات کو بروقت حتمی شکل دی جائے اور ہر ضلع میں عوامی شرکت کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قومی پرچم کشائی، ملی نغموں، ثقافتی اور تعلیمی سرگرمیوں سمیت تمام پروگراموں کا انعقاد بھرپور قومی جذبے کے ساتھ کیا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جشن آزادی صرف ایک قومی تہوار نہیں بلکہ قومی اتحاد، یکجہتی، شہداء کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کرنے اور وطن عزیز کی ترقی واستحکام کے عزم کی تجدید کا دن ہے انہوں نے کہا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ صوبے بھر میں تقریبات پرامن، محفوظ اور خوشگوار ماحول میں منعقد ہوں تاکہ شہری بلاخوف وخطر ان قومی تقریبات میں بھرپور انداز سے شریک ہو سکیں۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطہ، مؤثر ہم آہنگی اور پیشہ ورانہ انداز میں اپنی ذمہ داریاں ادا کریں

جاری رہے گا، اس اہم عالمی بحری گزرگاہ کی صورتحال میں بنیادی تبدیلی ممکن نہیں، امریکہ صرف ایران ہی نہیں بلکہ پورے خطے کے خلاف محاذ آرائی کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، اسی تناظر میں خطے کی سیکیورٹی صورتحال کو دیکھا جانا چاہیے، ایران اس وقت امریکہ کے ساتھ کسی بھی سطح پر مذاکرات نہیں کررہا، عمان کے ساتھ جاری رابطے صرف آبنائے ہرمز سے متعلق تکنیکی اور عملی امور تک محدود ہیں۔

بقیہ 9

اہلکار اور 10 شہری شہید جبکہ 23 زخمی ہوئے ہیں، دوسری جانب حملے کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ ریسکیو ترجمان کے مطابق کبل خودکش دھماکے میں زخمی پولیس کانسٹیبل مکرم خان ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا، مکرم خان زخمی ہونے کے بعد سیدو شریف ہسپتال میں زیر علاج تھا۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق حملہ خودکش تھا، جبکہ جائے وقوعہ سے حملہ آور کا سر بھی ملا ہے، بم ڈسپوزل سکواڈ دھماکے کی نوعیت اور استعمال ہونے والے بارودی مواد کا جائزہ لے رہا ہے، جبکہ ممکنہ سہولت کاروں کی گرفتاری کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی شواہد حملہ آور کے افغان شہری ہونے کی جانب اشارہ کرتے ہیں، تاہم حتمی تصدیق تحقیقات مکمل ہونے کے بعد کی جائے گی۔ ڈی پی او سوات محمد عمر خان نے کہا کہ حملے میں ملوث عناصر اور ان کے سہولت کاروں کا سراغ لگا کر انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا جبکہ واقعے کی ہر پہلو سے تحقیقات جاری ہیں۔ دوسری جانب سوات دھماکے کا مقدمہ تھانہ سی ٹی ڈی میں نامعلوم افراد کے خلاف درج کیا گیا ہے، مقدمے میں قتل، اقدام قتل اور دہشت گردی سمیت دیگر دفعات شامل

کی موجودگی کو خصوصی طور پر چیک کیا گیا، جبکہ دکانداروں کو حفظانِ صحت کے اصولوں اور سرکاری نرخناموں پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی گئی۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری، محفوظ اور مناسب نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی حکومتِ بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی مؤثر نگرانی میں ضلع بھر میں پرائس کنٹرول، صفائی اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کے لیے ایسے معائنہ جاتی دورے باقاعدگی سے جاری رہیں گے تاکہ شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 63

حیاتان کے ہمراہ بنیادی مراکزِ صحت (BHU) چب کلمتی، نگور شریف اور مونڈی کا تفصیلی مانیٹرنگ دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے طبی و پیرامیڈیکل عملے کی حاضری، او پی ڈی رجسٹر، ای پی آئی سائٹس، ادویات کے ریکارڈ، طبی سہولیات کی دستیابی اور مجموعی انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ مراکزِ صحت کو ضروری ادویات بھی فراہم کی گئیں تاکہ مقامی آبادی کو علاج معالجے کی سہولیات میں کسی قسم کی دشواری کا

TENDER NOTICE

The Municipal Committee Gwadar invites the sealed tenders based on Composite Schedule of Rates 2026, Government of Balochistan, amended up-to-date from interested Contractors / Firm , for the following works:

S.NO	NAME OF WORK	Bid Security
1	SUPPLY OF DUST BINS FOR VARIOUS WARD OF MUNICIPAL COMMITTEE GWADAR **TSE-2627081149333**	3,500,000/-

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. Registration with Pakistan Engineering council (PEC) 6 and above and relevant specialization code Valid Registration with Income Tax, BRA and in & Presence in Active Tax Payer List in FBR (ATL) Turnover at least of last two years. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. The bids must accompany Bid Security in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of 2 % specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. Other Mandatory conditions and Detail Criteria mentioned in the Bidding Documents. **METHOD OF PROCUREMENT:** Single Stage-Two Envelope Procedure. **ISSUANCE:** The firms/contractors can also download the bidding documents from the BPPRA website at www.bppra.org.pk. The tender processing fee of Rs. 1500/- above mention tenders must be deposited in favour of undersigned in shape of Pay order, Bank Draft and Call Deposit. **Last Date of bid submission**: The bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the office of the undersigned on or before on 20/08/2026 at 1:00 pm. **Tender opening**: All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at 2:00 pm.. **Address Place of Bids opening**: Zahoor Shah Ward, Municipal Committee Gwadar. Bid Validity Period: Ninety (90) Days.

CHIEF OFFICER,
Municipal Committee
Gwadar

DAB/AB No.144/3-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

☆☆☆☆ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یونیورسٹی آف بلوچستان کے 13 ویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆

صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود کیلئے پرعزم ہے، صوبائی وزیر صحت

بلوچستان بھر کے تمام سرکاری مراکز صحت کی باقاعدہ مانیٹرنگ کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ صحت عامہ کی خدمات کے معیار میں مزید بہتری لائی جا سکے، بخت محمد

عوام کو بروقت، معیاری اور خوش اخلاقی پر مبنی طبی خدمات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے دور دراز علاقوں کے مکین بھی بہترین طبی سہولیات سے مستفید ہو سکیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر معیاری اور بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ صحت متحرک ہے عوام کو بروقت، معیاری اور خوش اخلاقی پر مبنی طبی خدمات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ دور دراز علاقوں کے مکین بھی بہترین طبی سہولیات سے مستفید ہو سکیں (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات کا بلوچستان ہائی کورٹ توسیعی منصوبے کا دورہ

کام کی رفتار کا جائزہ ہائی کورٹ عمارت توسیعی منصوبہ مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) سیکریٹری مواصلات و تعمیرات بلوچستان بابر خان نے بلوچستان ہائی کورٹ کی عمارت کے توسیعی منصوبے کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری تعمیراتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اس موقع پر چیف انجینئر کوئٹہ زون عبدالرحیم ہنگلوئی چیف آرکیٹیکٹ ڈاکٹر سہراب مری (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی میر ظہور بلیدی سیکرٹری اطلاعات عمران خان سے ملاقات کر رہے ہیں

گوادر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی پیرا میڈیکل ایسوسی ایشن سے ملاقات

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور نے پاکستان پیرامیڈیکل ایسوسی (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

مستونگ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید

کوئٹہ (این این آئی) مستونگ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید ہو گیا۔ پولیس کے مطابق پیر کو مستونگ میں واقع نجی لائبریری کے قریب نامعلوم مسلح (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس، ضلع کونسل واشک کے ترقیاتی بجٹ میں مبینہ تضادات کا جائزہ

واشک ترقیاتی بجٹ معاملہ: PAC نے ریکارڈ کی جانچ کے لیے ذیلی کمیٹی تشکیل دے دی

کوئٹہ (خ ن) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کا اجلاس آج صوبائی اسمبلی بلوچستان کے کمیٹی روم میں چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین کی زیر صدارت (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: ڈسٹرکٹ کمپنسیشن کمیٹی کا اجلاس، متاثرہ خاندانوں کے معاوضہ کیسز کا جائزہ

رپورٹس میں تاخیر پر برہمی، متاثرین کو بروقت معاوضہ فراہمی یقینی بنانے کا حکم

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کمپنسیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں حالیہ کوئٹہ میں پیش آنے والے مختلف (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی صوبے کے پندرہ کالجز کے طلباء و طالبات کیلئے بسوں کی چابیاں تقسیم کر رہی ہیں

حکومتی رٹ دروغ گوئی پر مبنی ہے، پشتونخوا میپ

موجودہ حالات میں پشتونوں پر مرتب اثرات انتہائی خطرناک ہے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ ملک اور صوبے کی موجودہ حالات میں پشتون عوام پر جو اثرات مرتب ہو رہے ہیں یہ انتہائی (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

کمشنر لسبیلہ کی زیر صدارت ضلع حب کا پہلا تعارفی و محکمانہ اجلاس

ضلع حب میں ترقیاتی منصوبوں، امن و امان اور عوامی خدمات کا جامع جائزہ لیا گیا

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا کی جانب سے عہدہ سنبھالنے کے بعد ضلع حب کا پہلا تعارفی و محکمانہ اجلاس لیڈا (LIEDA) کانفرنس ہال حب میں (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆☆☆ کمشنر لسبیلہ سائرہ عطا ضلع حب میں تعارفی و جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں ☆☆☆☆☆☆☆

کوئٹہ، چہلم حضرت امام حسینؓ کے جلوس کے لیے فول پروف سیکیورٹی انتظامات مکمل

جلوس کے روٹ پر واک تھرو گیٹس، جدید سی سی ٹی وی مانیٹرنگ، سخت چیکنگ اور مسلسل نگرانی کے ذریعے فول پروف سیکیورٹی کو یقینی بنایا جائے

جلوس کے روٹ پر ایک ہزار سے زائد پولیس افسران اور اہلکار تعینات کیے گئے ہیں تاکہ امن و امان کی صورتحال کو ہر صورت برقرار رکھا جا سکے، ضیاء الحق مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) چہلم حضرت امام حسینؓ کے موقع پر مرکزی جلوس کی سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے کوئٹہ پولیس نے فول پروف انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کے مطابق جلوس کے روٹ پر ایک ہزار سے زائد پولیس افسران اور اہلکار تعینات کیے گئے ہیں تاکہ عزاداروں کی جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کی صورتحال کو ہر صورت برقرار رکھا جا سکے۔ انہوں (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

گورنر مندوخیل نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس کل طلب کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) گورنر جعفر خان مندوخیل نے بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 5 اگست کی سہ پہر 3 بجے طلب کر لیا۔ بلوچستان اسمبلی سیکریٹریٹ کے اعلامیہ کے مطابق گورنر (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کو دانستہ خانہ جنگی اور برادر کشی کی جانب لے جایا جا رہا ہے، جان محمد بلیدی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی نے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء و رکن صوبائی اسمبلی (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

یونیورسٹی آف بلوچستان کی کارکردگی قابل تحسین ہے، گورنر

ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے تحت اپنے انتظامی و دفتری نظام کو مکمل طور پر پیپر لیس بنا دیا ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یونیورسٹی آف بلوچستان کی رینکنگ اور اسکورنگ کو 42% فیصد سے بڑھا کر 82% فیصد تک پہنچانا ایک غیر معمولی اور قابل تحسین کامیابی ہے۔ یہ نمایاں پیش رفت موثر قیادت، بہتر انتظامی اسٹریٹجی اور معیار (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف پرائیویٹ ایکویٹی فنڈ معیشت میں سرمایہ کاری سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومتی کارکردگی موثر انداز میں اجاگر کی جائیگی

عمران خان

موجودہ دور میں حکومت کی کارکردگی کو عوام تک پہنچانے کے لئے جدید اور موثر میڈیا حکمت عملی ناگزیر ہے، صوبائی سیکرٹری اطلاعات

صوبائی وزیر ظہور احمد بلیدی اور وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی نے محکمہ اطلاعات کی جانب سے حکومتی کارکردگی کو موثر انداز میں عوام تک پہنچانے کے لئے کئے جانے والے اقدامات کو سراہا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ کی خصوصی ہدایت کی روشنی میں محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات اور محکمہ خزانہ کے صوبائی وزراء کے ہمراہ محکمہ اطلاعات بلوچستان کا اجلاس ہوا، جس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی، سیکرٹری اطلاعات بلوچستان عمران خان اور ڈائریکٹر اطلاعات سعید احمد شاہوانی نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبائی حکومت کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود، ترقیاتی منصوبوں، معاشی اقدامات اور دیگر اہم شعبوں میں اٹھائے جانے والے اقدامات کو موثر انداز میں عوام تک پہنچانے، حکومتی کارکردگی کو اجاگر کرنے (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان کا نوجوانوں کے لیے بڑا اقدام

1000 افراد کو آئی ٹی تربیت اور روزگار فراہم کرنے کا آغاز

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید تکنیکی علوم سے آراستہ کرنے اور انہیں روزگار کے پائیدار مواقع فراہم کرنے کے لیے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف منسٹر یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت ایک تاریخی اور احسن اقدام کا آغاز کر دیا ہے۔ اس پروگرام (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

یونیورسٹی آف تربت میں تعلیمی معیار اور تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اعلیٰ سطح اجلاس

تربت یونیورسٹی کا اسٹریٹیجک پلان 2026-30، نصاب کو مارکیٹ ضروریات سے ہم آہنگ کرنے پر زور

تربت (خ ن) یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی زیر صدارت یونیورسٹی کے مین کیمپس میں ایک اعلیٰ سطح اجلاس منعقد ہوا جس میں یونیورسٹی کے اسٹریٹیجک پلان 2026-30 کی روشنی میں یونیورسٹی میں تعلیمی معیار اور (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ ڈسٹرکٹ ایکسپلوسیو کمیٹی "ڈی ای ای" کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ تاجروں، ٹرانسپورٹرز کا 7 اور 8 اگست کو شہر بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان

8 اگست سے ملک بھر میں گڈز ٹرانسپورٹرز کی غیر معینہ مدت کے لیے پہیہ جام ہڑتال، تجارتی سامان کی ترسیل مکمل معطل رہے گی

حکومت کی جانب سے مسلسل نظرانداز کیے جانے کے باعث تاجر برادری احتجاج پر مجبور ہوئی ہے، رہنماؤں کا مشترکہ بیان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں تاجروں اور ٹرانسپورٹرز نے ... (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، مرتضیٰ خان کاکڑ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جے یو آئی ضلع کوئٹہ کی تنظیمی رابطہ مہم تیز، متعدد یونٹوں کے دورے اور جائزہ اجلاس

بند کمروں کے فیصلوں کے ذریعے تخت مشق بنانے کی کوششوں سے ملک کا وجود خطرے میں پڑ سکتا ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ میں تنظیمی رابطہ مہم کے سلسلے میں مختلف یونٹوں کے اجلاس اور دورے جاری ہیں۔ اس موقع پر ضلعی قائدین سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کوئٹہ مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

کراچی، فیروز آباد کی حدود میں اے وی سی سی پولیس کا مقابلہ، 2 ملزمان ہلاک

ہلاک ملزمان کی شناخت محمد شہزاد اور شایان کے ناموں سے ہوئی، ہلاک ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور کار برآمد کر لی گئی

کراچی (اے این این) فیروز آباد کی حدود میں اے وی سی سی پولیس کے ساتھ مبینہ مقابلے کے دوران 2 ملزمان ہلاک ہو گئے۔ ایس ایس پی اے وی سی سی خالد مصطفیٰ کورائی کے مطابق ہلاک ملزمان کی شناخت محمد شہزاد اور شایان کے ناموں سے ہوئی، ہلاک (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

محکمہ جنگلات میں مبینہ تقرریوں سے وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی کا کوئی تعلق نہیں، ترجمان

سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے تقرریوں کے دعوے بے بنیاد اور گمراہ کن ہیں، بیان

کوئٹہ (یو این اے) سوشل میڈیا پر محکمہ جنگلات میں مبینہ تقرریوں اور ان سے متعلق صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کا نام جوڑ کر گردش کرنے والی خبروں میں کوئی صداقت نہیں۔ ترجمان کے مطابق محکمہ جنگلات سے متعلق بھرتیوں، تقرریوں یا انتظامی معاملات (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، سیکورٹی فورسز کے اہلکار چہلم کے موقع پر کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کیلئے الرٹ ہیں

ڈاکٹر مرشد دشتی کا پی پی ایچ آئی کا بنیادی مراکز صحت کا دورہ

ادویات کے ریکارڈ، طبی سہولیات کی دستیابی اور مجموعی انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن اور حکومت بلوچستان کی صحت عامہ سے متعلق پالیسی کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی گوادر ڈاکٹر مرشد دشتی نے مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن (M&E) آفیسر صابر (بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر)

ڈی جی سوشل ویلفیئر نے وعدہ پورا کر دیا، معذور نوجوان عثمان غنی کو الیکٹرک وہیل چیئر فراہم

خصوصی افراد کی خدمت ہماری اولین ذمہ داری ہے، ڈی جی سوشل ویلفیئر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) ... ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے ... عثمان غنی نے (بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر قلات کی ہدایت، 5 اگست کے پروگرامز بھرپور انداز میں منانے کا فیصلہ

قلات (خ ن) بلوچستان کے تاریخی شہر قلات میں یوم استحصالِ کشمیر کی مناسبت سے مختلف پروگرامز کیا انعقاد کیلئے بھرپور تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا ہے تمام محکمے مربوط پروگرامز کا انعقاد یقینی بنائیں ڈپٹی کمشنر قلات کی جانب سے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ اس دن کی مناسبت سے خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا جائے ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کی ہدایت پر یوم استحصالِ کشمیر (5 اگست) کے موقع پر ضلع بھر میں بھرپور تیاریوں (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

گوادر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کا صحت مراکز کا دورہ، سہولیات اور انتظامات کا جائزہ

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ڈی ایچ او گوادر کی ہدایت

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر معیاری اور بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ صحت گوادر متحرک ہے۔ اسی سلسلے میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر نے رورل ہیلتھ (بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، 'یوم استحصال' اور 'یوم سیاہ' کے موقع پر ایوانِ صدر کی بلڈنگ کو بینرز، قومی اور کشمیری پرچموں سے سجایا گیا ہے

کوئٹہ میں ایک گھر میں آگ بھڑک اٹھی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ایک گھر میں آگ بھڑک اٹھی۔ ڈائریکٹر فائر سروسز، عبدالحق خان اچکزئی نے بتایا کہ پیر کو کوئٹہ کے علاقے سریاب روڈ پر واقع نجی ہاؤسنگ اسکیم میں ایک رہائشی مکان میں گیس سلنڈر سے آگ بھڑک اٹھی فائر بریگیڈ کے عملے نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پا کر مزید پھیلنے سے روک دیا۔

عوامی خدمت کو حکمرانی کا بنیادی مقصد بنانا ناگزیر ہے، شعیب علی لہڑی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے قبائلی و سیاسی رہنما حاجی شعیب علی خان لہڑی نے کہا ہے کہ اٹھارہویں آئینی ترمیم پاکستان کی آئینی تاریخ کا ایک اہم سنگِ میل تھی اس ترمیم کا بنیادی مقصد اختیارات کو وفاق سے صوبوں کی جانب منتقل کرنا تھا تاکہ صوبے اپنے عوام کی ضروریات، ترجیحات اور مقامی مسائل کے مطابق بہتر فیصلے کر سکیں اسی مقصد کے تحت صوبوں (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

خاران: BSDI فیز تھری کے تحت ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز کھول دیے گئے

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، ڈپٹی کمشنر خاران

خاران (خ ن) ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو کی زیر صدارت بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) فیز-III کے تحت لوکل گورنمنٹ کے ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز کھولنے کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم پی اے خاران و صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

پولیس تھانہ عوام کی خدمت کا مرکز ہے، غلام سرور مینگل

عوام کے جان و مال کا تحفظ، فوری انصاف کی فراہمی پولیس کی اولین ترجیحات ہیں

چھتر (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان، انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان، ڈی آئی جی نصیر آباد رینج اور ایس ایس پی نصیر آباد کی خصوصی ہدایات پر پولیس تھانہ شہید نزیر احمد عمرانی منگولی میں عوامی مسائل کے فوری حل، پولیس اور شہریوں کے درمیان باہمی اعتماد کے فروغ اور علاقے میں امن و امان کی صورتحال کو مزید مستحکم بنانے کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ کراچی شاہراہ پر 205 ٹریفک حادثات، 14 افراد جاں بحق

کوسٹل ہائی وے (N-10) پر بھی سیاحتی اور تجارتی سرگرمیوں میں اضافے کے باعث ٹریفک کا دباؤ مسلسل بڑھ رہا ہے، جس کے باعث حادثات کے امکانات بھی بڑھ جاتے ہیں

کوئٹہ، کراچی شاہراہ (N-25) اور کوسٹل ہائی وے (N-10) پر حادثات کی تشویشناک شرح، ریسکیو 1122 نے رپورٹ جاری کر دی

کوئٹہ (یو این اے) ... کوئٹہ، کراچی شاہراہ (N-25) اور کوسٹل ہائی وے (N-10) ... جولائی 2026 ... 205 ٹریفک حادثات ... 14 افراد جاں بحق ... (بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، سردار جسبیر سنگھ اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی میں نوجوان نے خودکشی کر لی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں نوجوان نے خودکشی کر لی جبکہ ٹریفک کے حادثے کا زخمی ہسپتال میں دوران علاج دم توڑ دیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب صدر پولیس تھانے کی حدود بالان شاخ گوٹھ صدیق پندرانی میں 22 سالہ نوجوان راجہ خان پندرانی نے ٹی ٹی پسٹل سے فائرنگ کر کے خودکشی کر لی

سوراب، ٹائر برسٹ ہونے سے گاڑی الٹنے کے نتیجے میں 7 افراد زخمی

کوئٹہ (این این آئی) سوراب کے علاقے میں ٹائر برسٹ ہونے سے گاڑی الٹنے کے نتیجے میں 7 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق پیر کو سوراب کے علاقے حاجیکہ کے مقام پر تیز رفتار گاڑی ٹائر برسٹ ہونے کے باعث ڈرائیور سے بے قابو ہو کر الٹ گئی جس کے نتیجے میں 7 افراد غلام سرور ولد خدا بخش، سمیع اللہ ولد رحمت اللہ، علی اکبر ولد نور بخش، جمعہ خان ولد امیر بخش، غلام حیدر ولد تمیصی خان، مہربان ولد (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

پشاور سے کوئٹہ آنیوالی جعفر ایکسپریس کی معطل

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ ریلویز نے آج منگل کو کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کو معطل جبکہ پشاور سے آنے والی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد تک محدود کر دیا، ٹرین سروس ریلوے ٹریک کی مرمت کے سلسلے میں معطل کی گئی ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق ٹرین معطل ہونے کے باعث مسافروں کو ان کے ٹکٹ کی رقم واپس کر دی جائے گی۔

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالونی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883703
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

یومِ آزادی تجدیدِ عہد اور قومی یکجہتی کا دن ہے، فیصل خان جمالی

پاکستان کی حفاظت اور ترقی ہر پاکستانی کی ذمہ داری ہے، صوبائی وزیر

گنداخہ (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ 14 اگست صرف جشنِ آزادی کا دن نہیں بلکہ تجدیدِ عہد، قومی یکجہتی، حب الوطنی، ایثار، قربانی اور شہدائے پاکستان کی لازوال خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا عظیم دن ہے۔ یہ وہ تاریخی لمحہ ہے جب قائداعظم محمد علی جناح کی مدبرانہ قیادت، شاعرِ مشرق (بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر)

پنجگور، ملک کی تباہی کے ذمہ دار جعلی حکمران ہیں، صالح محمد بلوچ

ملکی ادارے اور عدالتیں غیر قانونی رویوں سے تباہ ہوئی، بلوچستان کے عوام خود بے بسی اور بدامنی کا شکار ہیں

پنجگور (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی صالح محمد بلوچ نے کہا ہے کہ اس ملک کے تباہی کی سب سے بڑی وجہ کیا ہے اور ذمہ دار کون ہے کیا تباہی کا ذمہ دار ہمارے بلوچستان کے سردار ہیں یا کسی آور ہیں؟ اداروں اور عدالتوں کو کس نے تباہ کیا گیا ذمہ دار (بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر)

تحصیلدار اور ماڑہ نور خان بلوچ کی نگرانی میں ٹیم کا مرکزی بازار کا دورہ

دکانداروں کو حفظانِ صحت کے اصولوں اور سرکاری نرخناموں کی پابندی کی ہدایت

گوادر/اورماڑہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن اور ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایات کے مطابق ضلع بھر میں اشیائے خورد و نوش کے معیار، سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد اور صفائی کی صورتحال کو یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر اور ماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت کی خصوصی (بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، مابت کاکا، داؤد اچکزئی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کشمیری عوام نے نسلیحکام، ترقی اور خوشحالی کے حق میں فیصلہ دیا، طارق فضل

یہ کامیابی عوام کے اس اعتماد کا مظہر ہے جو انہوں نے قائد محمد نواز شریف کی قیادت، مسلم لیگ (ن) کی عوامی خدمت اور ترقی کے وژن پر کیا

کامیابی پر مسلم لیگ (ن) کے تمام منتخب امیدواروں، کارکنان اور تنظیمی عہدیداران کو اس شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات میں مسلم لیگ (ن) پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرنے پر آزاد کشمیر کے غیور عوام اور مہاجرینِ کشمیر کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں، انہوں نے جمہوری حق کا استعمال کرتے ہوئے استحکام، ترقی اور خوشحالی کے حق میں فیصلہ دیا۔ پیر کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)